بیت الزکوۃ الکویتی کے وفد کا دورہ جامعہ

بیت الزکوۃ الکویتی کا ایک وفد صاحب السعادہ السید / ساطع الخثرم کی قیادت میں مورخہ ۲۸ مئی بروز اتوار کو جامعہ پہنچا، ان کے ہمراہ الاخ / مزمل محجوب مدیر لجنۃ الدعوۃ مکتب اسلام آباد بھی تھے۔ انہوں نے جامعہ میں کلاس رومز، ہاسٹل، مطعم، دفاتر اور المکتبہ المرکزیہ کا تفصیلی معائنہ کیا۔ وہ اثریہ فری ڈسپنسری بھی گئے۔ بعد میں ان کے اعزاز میں تقریب منعقد ہوئی، جس میں اساتذہ اور طلبہ شریک ہوئے۔ طلبہ نے عربی میں نظمیں، نعتیں اور تقاریر کیں۔ معزز مہمان کو مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے سپاسنامہ پیش کیا۔ جواب میں معزز مہمان نے جامعہ کی تعلیمی، تربیتی اور رفاہی خدمات کو سراہا اور بالخصوص رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب کی اس سلسلہ میں کوششوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ازاں بعد فیصل ہال میں جامعہ کے زیر نگرانی یتیموں کے ایک پروگرام میں شرکت کی۔ جن کی کفالت بیت الزکوۃ کرتا ہے۔ پروگرام میں یتیموں نے قرآن پاک کی تلاوت، نظمیں اور تقاریر کیں، جسے معزز مہمان نے خوب سراہا۔ آخر میں انہوں نے یتیموں سے بالمشافہ بات چیت بھی کی۔ اور ان کی بہتر تربیت اور نگرانی پر منتظمین جامعہ بالخصوص حافظ احمد کی خدمات کو سراہا۔ اسلام آباد واپسی سے قبل معزز مہمانوں نے اثریہ ٹرسٹ ہسپتال بھٹیال کا دورہ بھی کیا۔

جامعہ میں ششماہی امتحانات اور تعطیلات

ان دنوں جامعہ کے تمام تعلیمی شعبوں میں ششماہی امتحانات ہو رہے ہیں۔ قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ (درسِ نظامی) کے تحریری امتحانات مورخہ ۱۴ جون بروز بدھ سے مورخہ ۲۲ جون بروز جمعرات بمطابق ۱۰ ربیع الاول تا ۱۸ ربیع الاول تک ہونگے۔ اس کے بعد ۳۰ جون تک تعطیلات ہونگی، اور مورخہ یکم جولائی سے اگلی ششماہی کی تعلیم شروع ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ۔ یاد رہے کہ اس سے قبل جامعہ کے زیر نگرانی تمام شعبہ حفظ اور ناظرہ کا امتحان ہو چکا ہے۔ اور ان میں تعلیم شروع ہو چکی ہے۔

موضع خورد میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

گزشتہ دنوں مرکزی جامع مسجد اہلِ حدیث خورد میں ایک عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ منعقد ہوا۔ جس میں مولانا محمد یعقوب فیصل آبادی، مولانا محمد اسحاق اوکاڑوی اور مولانا فیض احمد بھٹی نے خطاب کیا۔ مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید کی دعائے خیر سے کامیاب جلسہ کا اختتام ہوا۔ معروف صحافی محمود مرزا جہلمی بھی جلسہ میں شریک ہوئے۔